اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق راولپنڈی سٹی / کینٹ سرکلز میں اے ایم آئی میٹرز کی تنصیب کے باعث اور آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی سٹی، راولپنڈی کینٹ، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں میں ناگزیر سسٹم مینٹیننس / ڈویلپمنٹ ورکس کی وجہ سے مندرجہ ذیل فیڈرز پر شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 22 اکتوبر 2024 صبح 08:00 بجے تا دن 12:00 بجے تک راولپنڈی سٹی سرکل، ایسٹ روڈ، امین ٹاؤن فیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل، مکہ چوک فیڈر پر بجلی کی سپلائی اے ایم میٹرز کی تنصیب کے باعث عارضی طور پر معطل رہے گی۔ سسٹم مینٹیننس / ڈویلپمنٹ ورکس کے باعث، صبح 08:00 بجے تا دن 01:00 بجے تک، راولپنڈی سٹی سرکل، ایسٹ روڈ، ریڈیو پاک فیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل، زراج۔ I & II، زیٹا۔ I، آئی ایس ٹی، ڈھوک اعوان، موہڑہ نگیال، مکہ چوک، نیو کلیام، اسلام آباد فیڈ مل، جھٹہ ہتھیال، بسالی، پنڈ جاتلہ، لیب۔ I&II، انڈسٹریل، ریلائنس ویونگ مل، بھل، جرار کیمپ، میجر ریاض، لالہ زار، جھاورہ، لالکرتی فیڈرز، چکوال سرکل، پیرا فتیال فیڈر، جہلم سرکل، ایم ریاض شہید، منگلہ ایکسپریس، کیپٹن نثار شہید، کھوکھراں، دینہ۔ 3، روہتاس، چھالہ فیڈرز، جی ایس او سرکل، صبح 09:00 بجے تا شام 04:00 بجے تک، نیو چوآ، بابا شہید، چھپر، فضل شہید فیڈرز، دن 10:00 بجے تا دن 12:00 بجے تک، کمیلی صادق، کلر سٹی، دوبیرن، مل اعوان فیڈرز اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے۔

بقیہ 1

آئین پاکستان پاک اور خدا سے جنگ ختم ہوگی۔ انہوں نے کہا زمین پر عدل ہوتا ہے تو آسمان سے عذاب نازل نہیں ہوتا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے امن کمیٹی کے ممبران پیر سید عتیق الرحمٰن شاہ۔ شاہد غفور پرچہ۔ قاری خالد محمود۔ طاہر تاج بھٹی۔ علامہ کوثر عباس تی۔ علامہ زاہد کاظمی سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے مزید کہا رسول کریم نے بھی پوری انسانیت کی بھلائی کے لئے قرآنی آئین عطا کر کے ہر خود ساختہ آئین رد کردیا۔ ضرورت اس امر کی ہے افراتفری پھیلانے والوں سے جان چھڑانے کے لئے قومی رہنما اور علماء مل کر آئین پاکستان کے تحفظ اور اس کی حاکمیت کا بول بالا کریں۔

بقیہ 2

کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ آج کا دن سیاہ ترین ہیں، آئینی ترمیم نے آئین کا حلیہ بگاڑ دیا، ہم وکلا اس ترمیم کو غیر آئینی سمجھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ آئینی ترمیم آئین کے ڈھانچے کے برعکس ہے، ایسی ترمیم کے بارے سپریم کورٹ کے ججز کی مثالیں موجود ہیں، ہم وکلا پر آئین اور عدلیہ کا تحفظ فرض ہے، ہم وکلا کی ملک تحریک چلائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ لوگوں کو اٹھا کر وہیل چیئر پر لایا گیا، ہم سمجھتے ہیں یہ ووٹ گنے نہیں جاسکتے، ہارس ٹریڈنگ کے بغیر حکومت کا نمبر مکمل نہیں ہوتا۔ حامد خان نے کہا کہ موجودہ چیف جسٹس کا اس میں افسوسناک کردار ہے، انہوں نے 63 اے کے اوپر نظر ثانی کی درخواست کو کھولا، اس سے ہارس ٹریڈنگ کا راستہ کھلا، 25 اکتوبر کو چیف

بحالی کی حمایت کرتی رہی ہے۔ صوبائی اور علاقائی حقوق کے لیے قوم پرست جماعتوں کی پونم نے کچھ عرصہ آواز بلند کی لیکن خاموش اور غائب ہوگئے۔ عملاً ملک کی صورتِ حال کو سنبھالنے اور عوامی سطح پر اطمینان اور استحکام، فیڈریشن کی مضبوطی اور عوام کو ہر طرح کی سہولیات مہیا کرنے کے لیے قومی قیادت اور پارلیمنٹ کو انتظامی یونٹ چھوٹے کرنے پر غور کرنا ہوگا۔ انتظامی تقسیم قوم پرستی، لسانی اور ملک کو نقصان دینے والی فکر نہیں بلکہ ملک، عوام اور انتظامی ضروریات کے پیشِ نظر کرنا وقت کی اہم ترین ضرورت ہے۔ جب اضلاع، تحصیل، تعلقہ بڑے ہوتے ہیں تو اُس کی بھی تقسیم لازم ہوجاتی ہے۔ اسی طرح ریاستی، انتظامی ضروریات کو جاننا اور حل نکالنا بھی قومی فرض ہے۔ صوبائی اسمبلیوں اور پارلیمنٹ میں آئین کے لیے طریقہ کار کے مطابق بحث اور اتفاقِ رائے پیدا کیا جاسکتا ہے۔ پاور پالیٹکس میں مفادات کی چکر بازی نے عوام کو کنگال اور نوجوانوں کو مایوس کردیا ہے۔ پاکستان کو سیاسی، اقتصادی اور انتظامی بحرانوں سے نکالنے کے لیے قومی سیاسی، جمہوری قیادت کو تنگ نظری ترک کر کے قومی جذبہ سے قومی مسائل حل کرنا ہوں گے۔

بقیہ 5

گیا تو ذوالنورین اور ابوبکر دو بھائیوں اور انکے 6 ساتھیوں نے للکارا کہ آج مدثر بچ کر نہ جائے۔ جس پر ملزموں نے گھیرا ڈال کر فائرنگ کردی۔ پسٹل کی گولیاں لگنے سے مدثر شدید زخمی ہوگیا۔ فائرنگ سے بھنڈاری چوک میں بھگدڑ مچ گئی اور خوف و ہراس پھیل گیا۔ زخمی مدثر کو ہسپتال داخل کرا دیا گیا ہے۔ جہاں حالت خطرے سے باہر ہے۔ پولیس فتح شیر نے شاہ زیب کی مدعیت میں

ہے جس کے تحت سپر سیڈرز مہیا کئے جارہے ہیں اور آج اینٹی سموگ سکواڈ کا افتتاح کردیا گیا ہے۔ اس سکواڈ کے افسران کو خصوصی اختیارات تفویض کئے گئے ہیں۔ یہ سکواڈ نہ صرف فصلوں کی باقیات کو آگ نہ لگانے سے متعلق آگاہی فراہم کریں گے بلکہ ایسے کسی بھی واقع میں ملوث افراد کے خلاف قانون کے مطابق کاروائی عمل میں لائیں گے۔ اجلاس میں سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کیلئے امسال صوبہ پنجاب میں دھان کے زیر کاشت 66 لاکھ ایکڑ رقبہ لایا گیا تھا اور اب اس کی کٹائی کا عمل جاری ہے۔ سموگ کنٹرول کیلئے متعلقہ فیلڈ فارمیشنز کو ذمہ داریاں سونپ دی گئی ہیں۔ انھوں نے کہا کہ دھان کی کاشت کے علاقوں میں کل 22 اینٹی سموگ سکواڈ کا قیام عمل میں لایا جارہا ہے اور انہیں خصوصی گاڑیاں فراہم کی گئی ہیں جس سے یہ سکواڈ آؤٹ ریچ سرگرمیوں کو بہتر طور پر سرانجام دے گا اور سموگ کنٹرول میں معاون ثابت ہوگا۔ اس کے علاوہ کسان کارڈ فعال ہونے سے کاشتکار گندم کے زرعی مداخل کی فوری خرید کرنے کے قابل ہوں گے اور مڈل مین کے استحصال سے بچ پائیں گے۔ تقریب میں چیئر مین سٹینڈنگ کمیٹی زراعت ذوالفقار علی شاہ، پارلیمانی سیکرٹری برائے زراعت اسامہ خان لغاری، صدر بینک آف پنجاب ظفر مسعود کے علاوہ محکمہ زراعت پنجاب و دیگر متعلقہ محکموں کے اعلیٰ افسران اور کاشتکاروں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

بقیہ 8

ایمونیشن، بنی پولیس نے ملزم عبدالہادی سے ایک پستول 30 بور معہ ایمونیشن، صدر واہ پولیس نے ملزم وقاص سے ایک پستول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد کرلیا، ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج

ایس پیز نے کہا کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ 19

عندیہ دیتے ہوئے کہا کہ حکومت پنجاب کی جانب سے معاشرے میں برابری کے فروغ اور احساس محرومی کے خاتمے کے لیے ون ڈش پالیسی کو اپنایا جائے مزید برآں انھوں نے بہاری کالونی میں قائم ماڈل ریڑھی بازار کا دورہ کرتے ہوئے صفائی ستھرائی کی صورتحال کا جائزہ لیا اور اشیاء خورد و نوش، پھل اور سبزیوں کے نرخوں اور معیار کو چیک کیا ریڑھی بانوں کو ریٹ لسٹ پر عملدرآمد کرنے کی ہدایات دیں آخر میں انھوں نے ٹی ایچ کیو ہسپتال گوجرخان کا سرپرائز وزٹ کیا ایمرجنسی میں عملے کی حاضری کو چیک کیا اور ڈینگی وارڈ سمیت مردانہ، زنانہ وارڈز کا تفصیلی دورہ کیا اور فارمیسی میں ادویات کا سٹاک چیک کرتے ہوئے ہسپتال انتظامیہ کو شہریوں کو ہر ممکن سہولیات فراہم کرنے کی ہدایات کیں جبکہ ہسپتال پارکنگ پرچی والوں کو تنبیہ کی کہ اگر کسی بھی قسم کی شکایت موصول نہیں ہونی چاہیے اب وارننگ نہیں دی جائے گی بلکہ ٹھیکہ کینسل کردیا جائے گا۔

بقیہ 20

SE IESCO Rawalpindi-Cantt ڈی E-Kachery ٹیلیفون نمبر 051-9293048-، اٹک سرکل کی فیس بک آئی ڈی SE IESCO Attock E-Kachery ٹیلیفون نمبر 051-4950343، چکوال سرکل کی فیس بک آئی ڈی SE IESCO Chakwal

حصہ ڈال رہی ہے

بقیہ 29

کانفرنس کرتے ہوئے کیا۔ نائب امرا لیاقت بلوچ، میاں اسلم، ڈپٹی سیکرٹری جنرل سید فراست شاہ، امیر اسلام آباد نصر اللہ رندھاوا بھی اس موقع پر موجود تھے۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ لاہور سے نواز شریف کے حق میں ستر ہزار سے زائد ووٹ ڈلوائے نہیں لکھوائے گئے، ان کی وزیر اعلیٰ صاحبزادی اور وزیراعظم بھائی بھی دھاندلی سے جیتے، فارم 45 دیکھ لیں پوری ذمہ داری سے کہتا ہوں 22 سیٹوں والی ایم کیو ایم کراچی کے ساڑھے پانچ ہزار پولنگ سٹیشنز میں سے ایک پر بھی کامیاب نہیں ہوئی، بہتر ہوا پی ٹی آئی نے پارلیمنٹ اجلاس کا بائیکاٹ کیا، انھیں بار بار توجہ دلائی گئی تھی اس کھیل کا حصہ نہ بنیں، مولانا فضل الرحمٰن نے پہلے آئینی ترمیم کو کلی طور پر مسترد کیا، بعد میں شق وار مطالعہ میں پڑے اور اب وہ حکومت کا حصہ ہیں، پی ڈی ایم نے 2018ء میں رجیم چینج کے نام پر سندھ ہاؤس میں منڈی لگا کر جمہوریت پر شب خون مارا اور اب آئین سے کھلواڑ کیا۔ پی ڈی ایم کے سربراہ دلیل دے رہے ہیں کہ حکومت کے نمبر پورے تھے اور کہتے ہیں حصہ نہ بنتے تو بھی آئینی ترمیم ہو جاتی، سوال یہ ہے کہ نمبر پورے ہوتے تو سامنے آجاتے، کوئلے کی کان میں منہ کالا کرانے کی کیا ضرورت تھی؟ قانونی مشاورت کررہے ہیں کہ آئینی ترمیم پر موجودہ سپریم کورٹ سے رجوع کریں، احتجاج کا آپشن بھی موجود ہے فیصلے مشاورت سے کریں گے۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ عدلیہ پہلے ہی انصاف کی فراہمی میں ناکام ہے، اب اسے مکمل طور پر یرغمال بنالیا گیا، پارلیمانی کمیٹی اور وزیراعظم کے ذریعے پسند اور ناپسند کی

بقیہ 33

وفد نے ایس آئی ایف سی کے پلیٹ فارم پر وزارت صحت سے طبی پالیسیوں اور دواسازی میں سرمایہ کاری پر بھی بات چیت کی ہے۔ یہ اقدام چین اور پاکستان کے درمیان تجارت اور اقتصادی تعلقات کو بہتر بنانے کے ساتھ ساتھ مختلف شعبوں میں ترقی کی راہ ہموار کرے گا۔ ایس آئی ایف سی کے تحت چین کا وفد پاکستان میں فری ٹریڈ زون میں آئندہ 5 سالوں میں 13 ارب ڈالر تک کی سرمایہ کاری کرے گا۔ اس سرمایہ کاری کے ابتدائی مرحلے کا تخمینہ 8 سے 13 ارب ڈالر تک ہے جبکہ مجموعی سرمایہ کاری تقریباً 30 ارب ڈالر تک متوقع ہے۔ تجارتی کمیٹی میں چین کے متعدد بااثر کاروباری اراکین "فری ٹریڈ زون" میں سرمایہ کاری کے لیے پرجوش ہیں جن میں درآمدات اور برآمدات ٹیرف اور ٹیکسوں سے مستثنیٰ ہوں گی۔ فری ٹریڈ زون کا مقصد عالمی مارکیٹ اور مقامی پاکستانی ضروریات کو پورا کرنا ہے جن میں پاکستانی شہریوں کے لیے بین الاقوامی سامان فراہم کرنے والے ڈیوٹی فری شاپنگ مال کے قیام کا منصوبہ بھی شامل ہے۔ اس کے علاوہ کراچی میں چائنہ ایشیاء اکنامک ڈویلپمنٹ ایسوسی ایشن نے اپنے عزم کے تحت 500 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری سے 20 ماہی گیری کی کشتیاں بھی پاکستان روانہ کی ہیں۔

بقیہ 34

گیا ہے۔ ریسکیو حکام کے مطابق دین حادثہ گزشتہ رات اس وقت پیش آیا تھا جب طالب علم سہنسہ آزاد کشمیر سے راولپنڈی آرہے تھے۔

وکلاء نے کیس کے میرٹ پر دلائل ہی نہیں دیے۔ وکیل حامد خان نے کہا کہ کہا جا رہا ہے کہ ہم نے انٹرا پارٹی انتخابات کرایا ہی نہیں، ہم نے انٹرا پارٹی انتخابات کرایا ہے، جناب نے اسے کالعدم قرار دیا۔ جسٹس محمد علی مظہر نے کہا کہ حامد خان صاحب! آپ کی جماعت کا انتخابات کا آئین

حیاتیاتی تنوع اور جرثوموں کے وافر وسائل کے حوالے سے جانا جاتا ہے۔ اس کا متنوع جغرافیہ متعدد اقسام کی آب و ہوا اور ماحول فراہم کرتا ہے جو پودوں اور جانوروں کی وسیع اقسام کا مسکن ہے۔ یہ بینک پودوں کے جرثومے جمع کرنے کے مقام، مویشیوں اور آبی وسائل کے علاقے اور سائنس کی تشہیر پر مبنی نمائشی جگہ پر مشتمل ہے۔ یہ تین بنیادی

آئینی ترمیم میں سودی شق کا خاتمہ قوم کیلئے خوشخبری ہے

آئین پاکستان کوئی قرآنی آیات نہیں جسے تبدیل نہیں کیا جا سکتا

آئینی ترمیم میں سودی نظام کے خاتمے سے پورا آئین پاک اور خدا سے جنگ ختم ہوگئی، اظہار بخاری

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) سفیر امن کمیٹی ممتاز مذہبی سکالر علامہ پیر سید اظہار بخاری نے 26ویں آئینی ترمیم میں سودی خاتمے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ آئین پاکستان کوئی قرآنی آیات نہیں جسے تبدیل نہیں کیا جا سکتا۔ آئینی ترمیم میں سودی شق کا خاتمہ قوم کے لئے خوشخبری ہے، آئین پاکستان میں موجود سودی کیڑوں نے معیشت کو کمزور بنا رکھا تھا ذوالفقار علی بھٹو نے قادیانیوں کو اقلیت قرار دیا تو ان کے نواسے بلاول بھٹو نے آئینی ترمیم میں سودی کیڑوں کا خاتمہ کر دیا، 26ویں آئینی ترمیم میں سود کے خاتمے سے پورا (بقیہ نمبر 1)

26ویں آئینی ترمیم کے خلاف وکلا تحریک شروع کرنے کا اعلان

وکلا جسٹس منصور علی شاہ کے علاوہ کسی کو اگلا چیف جسٹس نہیں مانیں گے، حامد خان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) رہنما اور سپریم کورٹ بار کے سابق صدر حامد خان نے نیشنل ایکشن کمیٹی کے ذریعے 26ویں آئینی ترمیم کے خلاف وکلا تحریک شروع کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ وکلا جسٹس منصور علی شاہ کے علاوہ کسی کو اگلا چیف جسٹس نہیں مانیں گے۔ پی ٹی آئی رہنما حامد خان نے سپریم کورٹ (بقیہ نمبر 2)

دو افراد کے قتل، دو اشخاص کو زخمی کرنے میں ملوث ملزم گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) تھانہ بنی گالہ پولیس نے دو افراد کے قتل اور دو اشخاص کو زخمی کرنے میں ملوث ملزم کو گرفتار کرلیا، ملزم نے اسلحہ آتشیں سے فائرنگ کر کے دو افراد کو قتل اور دو کو زخمی کیا تھا۔ تفصیلات کے مطابق مورخہ 27 مئی 2024 کو تھانہ بنی گالہ پولیس کو خاتون نے درخواست دی کہ لڑائی جھگڑے کے دوران ملزم سجادالرحمٰن و دیگر ملزمان کے ہمراہ اسلحہ آتشیں سے فائرنگ کر کے میرے خاوند عامر عزیز اور بھانجے حاسن کو شدید زخمی کر دیا، جن کو ہسپتال لے جایا گیا جہاں زخموں کی تاب نہ (بقیہ نمبر 3)

ٹیکسٹ بک پبلشرز ایسوسی ایشن اردو بازار کے کنو۔ سرابوزر غفاری دیگر کے ہمراہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

چکوال، دکان میں سلنڈر پھٹنے سے زخمی شخص جاں بحق

چکوال (این این آئی) تھانہ سٹی چکوال کے تین مرلہ سکیم میں دکان کے اندر سلنڈر پھٹنے کے حادثے میں زخمی ہونے والا شخص جاں بحق ہوگیا۔ تین مرلہ سکیم راولپنڈی روڈ گیس سلنڈر ایجنسی آتش زدگی کا ایک زخمی راجہ قیصر (گاؤں نوروال) انتقال کر گئے ہیں چکوال 14 اکتوبر کی رات تین مرلہ سکیم میں گیس سلنڈر ری فلنگ کے دوران آگ بھڑک اٹھی تھی جس سے دو افراد جھلس گئے تھے۔

عدلیہ کی آزادی پر شب خون، عدلیہ کی تقسیم کی وجہ بنی ہے

آئین سے انحراف ملک کے لیے مشکلات لاتا ہے' لیاقت بلوچ

لاہور (این این آئی) نائب امیر جماعت اسلامی، مجلسِ قائمہ سیاسی قومی اُمور کے صدر لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ سیاست، ریاست اور عدلیہ کے درمیان جاری کشمکش 26ویں آئینی ترمیم سے ختم نہیں ہوگی۔ عدم استحکام اور عدم اعتماد کے نئے پہلو پیدا ہوتے رہیں گے۔ حکومت، اسٹیبلشمنٹ اور عدلیہ کی تقسیم نے مل کر آئین اور آزاد عدلیہ (بقیہ نمبر 4)

پتنگ فروش گرفتار، 50 پتنگیں اور 20 ڈوریں برآمد

راولپنڈی (این این آئی) دھمیال پولیس نے پتنگ فروش کو گرفتار کر کے 50 پتنگیں اور 20 ڈوریں برآمد کرلیں۔ تفصیلات کے مطابق دھمیال پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے پتنگ فروش فیصل کو گرفتار کرلیا، ملزم سے 50 پتنگیں اور 20 ڈوریں برآمد ہوئیں، دھمیال پولیس نے ملزم فیصل کے خلاف مقدمہ درج کر کے گرفتار کر لیا۔ ایس پی صدر محمد نبیل (بقیہ نمبر 6)

ٹی سٹال پر چائے پینے آنے والے دوکاندار کے کزن کو گولی ماردی

ریڑھی نہ دینے کی رنجش پر زمیندار کے بھائی پر حملہ کر کے شدید زخمی کر دیا

ساہیوال (این این آئی) بھنڈاری چوک میں معمولی بات پر ٹی سٹال پر 8 مسلح افراد کی فائرنگ سے دوکاندار کا کزن مدثر گولیاں لگنے سے شدید زخمی۔ پولیس فتح شیر نے 8 حملہ آوروں کے خلاف مقدمہ درج کر لیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق دوکاندار شاہ زیب اپنے کزن مدثر کے ہمراہ بھنڈاری چوک میں ایک ٹی سٹال پر چائے پینے (بقیہ نمبر 5)

لاہور: وزیر صحت پنجاب خواجہ سلمان رفیق یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز میں کانفرنس کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں۔

ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں خصوصی تقریب کا انعقاد

سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگ زیب نے وزیراعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کو خریداری کیلئے فعال اور اینٹی سموگ اسکواڈ کے قیام کا افتتاح کر دیا

تاریخ میں پہلی دفعہ کاشتکاروں کے لیے عملی اقدامات، وزیراعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کاشتکاروں کی معاشی خوشحالی کا ضامن ثابت ہوگا' خطاب

لاہور (این این آئی) سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے وزیراعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کی فعالیت اور انسداد سموگ اسکواڈ لانچ کر دیا ہے۔ مریم اورنگزیب نے افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج کے اس تاریخی دن پر وزیراعلیٰ مریم نواز شریف اور سب کسانوں کو مبارکباد پیش کرتی ہوں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا سموگ لیس پنجاب کی جانب پنجاب کسان کارڈ کی (بقیہ نمبر 7)

راولپنڈی، جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کارروائی 6 گرفتار

20 لیٹر شراب، اسلحہ اور ایمونیشن برآمد، مقدمات درج

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 6 ملزمان کو گرفتار کرلیا، 20 لیٹر شراب، اسلحہ اور ایمونیشن برآمد کر کے مقدمات درج کر لئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق سول لائنز پولیس نے ملزم شارون سے 10 لیٹر شراب، گوجر خان پولیس نے ملزم علی حسن سے 10 لیٹر شراب، ملزم سراج سے ایک پستول 30 بور معہ ایمونیشن، رتہ امرال پولیس نے ملزم آصف سے ایک پستول 30 بور معہ (بقیہ نمبر 8)

بنی پولیس کے مختلف علاقوں میں سرچ آپریشنز

کرایہ داری ایکٹ کی خلاف ورزی پر 3 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) بنی پولیس نے مختلف علاقوں میں سرچ آپریشنز کے دوران کرایہ داری ایکٹ کی خلاف ورزی کرنے والے 3 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق بنی پولیس نے مختلف علاقوں میں سرچ آپریشنز کیے، سرچ آپریشنز میں گھروں، کرایہ داروں کے کرایہ داری اور شہریوں کے کوائف کو چیک کیا گیا، سرچ آپریشنز کے دوران کرایہ داری ایکٹ کی خلاف ورزی کرنے والے 3 ملزمان عماد، اسد اور نوید کو گرفتار کر لیا۔ سرچ (بقیہ نمبر 9)

داماد نے ساس اور سسر کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا، ملزم فرار

داماد فیصل بیوی سے ناراضی پر صلح کرنے گھر آیا، صلح کے بجائے فائرنگ کر دی

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور کے علاقہ تھانہ اکبری گیٹ کی حدود میں دوہرے قتل کی واردات پیش آئی، داماد نے ساس اور سسر کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ جاں بحق میاں بیوی کی شناخت شیعان اور شبانہ کے نام سے ہوئی۔ داماد فیصل نے گھریلو جھگڑے پر فائرنگ کی۔ فیصل بیوی سے ناراضی پر صلح کرنے گھر آیا تھا (بقیہ نمبر 12)

پاکستان انگلینڈ پریکٹس سیشن کا پہلا روز، سی پی او نے سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان انگلینڈ پریکٹس سیشن کا پہلا روز، سی پی او سید خالد ہمدانی اور ایس ایس پی انوسٹی گیشن نے سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا، ایس ایس پی انوسٹیگیشن نے سی پی او کو تمام سکیورٹی انتظامات پر بریفنگ دی، سی پی او نے افسران و اہلکاروں کو سکیورٹی ڈیوٹی کے حوالے سے ہدایات دیں، راولپنڈی پولیس کے 3200 افسران سیکورٹی جبکہ 370 افسران ٹریفک ڈیوٹی کے (بقیہ نمبر 10)

قبضے سے مسروقہ رقم ایک لاکھ 69 ہزار روپے اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد

راولپنڈی (این این آئی) سی پی او سید خالد ہمدانی کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے لیڈی منشیات سمگلر سمیت 4 ملزمان کو گرفتار کر کے ساڑھے 4 کلو سے زائد منشیات برآمد کرلی۔ تفصیلات کے مطابق صدر واہ پولیس نے ملزمہ جویریہ عرف نازیہ سے ایک کلو 600 گرام ہیروئن، ملزم صفدر سے 830 گرام چرس برآمد کی، دھمیال پولیس نے ملزم اختر سے ایک کلو 600 گرام چرس برآمد (بقیہ نمبر 11)

لاہور: 26 ویں آئینی ترمیم کی دو تہائی اکثریت سے منظوری کی خوشی میں پیپلز سیکرٹیریٹ لاہور میں حسن مرتضیٰ، اسلم گل اور دیگر کیک کاٹ رہے ہیں

ٹی ایچ کیو ہسپتال چوآ سیدن شاہ میں اینتھسیزیا کے ڈاکٹر عدم دستیابی

اہم آپریشنز خاص طور گائنی وارڈ متاثر ہونا معمول بننے لگا ہے، حکام توجہ دیں

چوآ سیدن شاہ (خاور شہزاد سے) تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال چوآ سیدن شاہ میں اینستھیزیا (بے ہوش کرنے والے) ڈاکٹر کی عدم دستیابی نے خطرے کی گھنٹی بجا دی گورنمنٹ کی طرف سے ٹی ایچ کیو ہسپتال کے لیے فنڈنگ تعطل کا شکار ہونے کی وجہ سے اینستھیزیا ڈاکٹر نے ڈیوٹی پہ آنا چھوڑ دیا تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال چوآ سیدن شاہ میں (بقیہ نمبر 13)

56 روز کے دوران 1002 ان فٹ گاڑیاں بند

8397 پبلک سروس گاڑیوں کے چالان کیئے گئے، سی پی او سید خالد ہمدانی

راولپنڈی (این این آئی) سی پی او سید خالد ہمدانی کی ہدایت کے مطابق پبلک سروس گاڑیوں کی فٹنس، روٹ پرمٹ اور لائسنس چیکنگ کا سلسلہ جاری ہے، سی پی او سید خالد ہمدانی نے بتایا کہ 56 روز کے دوران 1002 ان فٹ گاڑیاں بند کر دی گئیں، 8397 پبلک سروس گاڑیوں کے چالان کیے گئے، قانون کی خلاف ورزی پر 90 لاکھ 96 ہزار روپے کے جرمانے کئے گئے، بغیر لائسنس گاڑی چلانے والے 699 ڈرائیوروں کے خلاف (بقیہ نمبر 14)

لاہور سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب وزیراعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کو خریداری کے لئے فعال اور اینٹی سموگ سکواڈ کے قیام کا افتتاح کر رہی ہیں

پولی کلینک ہسپتال اسلام آباد سیکھنے کا بہترین مرکز ہے

یہاں کی ٹیم ورک اور لگن نے مجھے نہ صرف ایک اچھا ڈاکٹر بنایا، ڈاکٹر عدیل اعوان

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) ڈاکٹر عدیل اعوان نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ پولی کلینک ہسپتال اسلام آباد، پاکستان کا ایک قدیم اور نامور ادارہ ہے جو لوگوں کو بہترین طبی سہولتیں فراہم کرتا ہے۔ یہاں کی سہولیات، ڈاکٹرز اور تمام میڈیکل پروفیشنلز اپنی لگن اور محنت سے مریضوں کا علاج کرتے ہیں۔ میں نے خود پولی کلینک میں ایک سال کی ہاؤس جاب کے دوران اپنے سینئر ڈاکٹروں سے بہت کچھ سیکھا۔ یہ ادارہ نہ صرف طبی امراض کا علاج کرتا ہے، بلکہ یہاں نئے ڈاکٹروں کے لیے تربیت کا ایک انمول مرکز بھی ہے۔ سینئرز کی رہنمائی سے نہ صرف میری کلینکل صلاحیتیں بہتر ہوئیں، بلکہ مریضوں کے ساتھ پیش آنے کا طریقہ بھی سنوارا۔ پولی کلینک کے سینئر ڈاکٹرز کا حوصلہ افزائی کرنا اور ان کی دوستانہ رہنمائی نے مجھ جیسے نئے ڈاکٹروں کو پراعتماد اور بہترین ڈاکٹر بنایا۔ اس ہسپتال میں جتنی سہولیات، جیسے کہ آپریشن تھیٹرز، وارڈز، ایمرجنسی سروسز اور او پی ڈی موجود ہیں، وہ سب شہر کے لوگوں کی خدمت کے لیے ہر وقت دستیاب ہوتی ہیں۔ یہ ہسپتال ہر قسم کے مریضوں کا علاج کرنے میں مشہور ہے، چاہے وہ دل کے مریض ہوں یا کسی اور بیماری کا شکار۔ میں سمجھتا ہوں کہ پولی کلینک جیسے ہسپتالوں کا وجود ہمارے صحت کے نظام کا بنیادی حصہ ہے۔ یہاں پر ہر کوئی اپنی مدد اور خلوص کے جذبے کے ساتھ مریضوں کا علاج کرتا ہے، اور نئی نسل کے ڈاکٹروں کو یہ عزت اور (بقیہ نمبر 15)

لاہور: ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق غیر قانونی کمرشل سرگرمیوں کی روک تھام کے لئے لبرٹی چوک پر قائم ٹاؤن پلاننگ اینڈ انفورسمنٹ فیلڈ کمپ کا دورہ کر رہے ہیں

ڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث گینگ کے 2 ملزمان گرفتار

قبضے سے مسروقہ رقم ایک لاکھ 69 ہزار روپے اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد

راولپنڈی (این این آئی) ریس کورس پولیس نے ڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث گینگ کے 2 ملزمان کو گرفتار کر کے مسروقہ رقم ایک لاکھ 69 ہزار روپے اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق ریس کورس پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث گینگ کے 2 ملزمان کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزمان (بقیہ نمبر 16)

پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی سیکرٹری جنرل سلمان ہیں، رکن اسمبلی فرخ جاوید مون اور دیگر بھی ہمراہ ہیں

راولپنڈی، منشیات فروشوں کیخلاف کارروائیاں، 3 گرفتار

ساڑھے 2 کلو سے زائد چرس برآمد کر کے مقدمات درج کر لئے گئے

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 3 ملزمان کو گرفتار کرلیا، ساڑھے 2 کلو سے زائد چرس برآمد کر کے مقدمات درج کر لئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق ریس کورس پولیس نے ملزم سہیل سے ایک کلو 770 گرام چرس، رتہ امرال پولیس نے ملزم ناصر سے 560 گرام چرس، ملزم عثمان سے 510 گرام چرس برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے۔ ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائیگی، منشیات کے ناسور کے (بقیہ نمبر 17)

راولپنڈی، جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کارروائی، 6 گرفتار

29 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر کے مقدمات درج کر لئے گئے

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 6 ملزمان کو گرفتار کرلیا، 29 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر کے مقدمات درج کر لئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق وارث خان پولیس نے ملزم ذیشان سے 12 لیٹر شراب، ملزم نجی حیدر سے 7 لیٹر شراب، ملزم عثمان سے 5 لیٹر شراب، بنی پولیس نے ملزم عارف سے 5 لیٹر شراب، رتہ امرال پولیس نے ملزم عادل سے ایک پستول 30 بور (بقیہ نمبر 18)

ایڈیٹر انچیف۔۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

اے سی گوجر خان خضر ظہور گورائیہ کا شہر کے مختلف ایریاز کے وزٹ

ون ڈش کی خلاف ورزی تین شادی ہالز کو جرمانے ماڈل ریڑھی بازار میں صفائی ستھرائی اشیاء خورد ونوش کے نرخ اور معیار چیک کیا

ٹی ایچ کیو ہسپتال میں ایمرجنسی، ڈینگی وارڈز فارمیسی کا وزٹ انتظامیہ کو شہریوں کو ہر ممکن سہولیات فراہم کرنے کی ہدایات

گوجرخان (قمر شہزاد) اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان کا شادی ہالز، ماڈل ریڑھی بازار اور ٹی ایچ کیو ہسپتال کا دورہ حکومتی احکامات پر عملدرآمد کرتے ہوئے ون ڈش کی خلاف ورزی تین مارکیز پوٹھوہار مارکی، قیم مارکی اور حویلی مارکی کو پچاس ہزار فی کس کے حساب سے ڈیڑھ لاکھ روپے کے جرمانے عائد کرتے ہوئے مارکی اور شادی ہالز مالکان کو خلاف ورزی کرنے کی صورت میں سخت قانونی کارروائی کا (بقیہ نمبر 19)

وزیر صحت وایمرجنسی سروسز پنجاب خواجہ سلمان رفیق ریسکیو ہیڈکوارٹر میں تقریب کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

23 اکتوبر 2024 تمام آپریشن سرکلز انچارج فیس بک لائیو اور ٹیلیفون پر صارفین کے مسائل سنیں گے، ترجمان آئیسکو

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) حکومت پاکستان اور وزارت توانائی (پاور ڈویژن) کی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے معزز صارفین کی بجلی سے متعلقہ تمام مسائل کے فوری حل کو ممکن بنانے کے لئے تمام آپریشن سرکلز انچارج بشمول اسلام آباد، راولپنڈی سٹی، راولپنڈی کینٹ، اٹک، چکوال اور جہلم مورخہ 23 اکتوبر 2024 (بروز بدھ) صبح 09:30 بجے تا دن 11:30 بجے تک متعلقہ سرکلز کے صارفین کی تجاویز اور شکایات سنیں گے۔ صارفین شکایات کے فوری ازالے کے لئے اسلام آباد سرکل کی فیس بک آئی ڈی SE IESCO Islamabad E-Kachery ٹیلیفون نمبر 051-9260194، راولپنڈی سٹی سرکل کی فیس بک آئی ڈی SE IESCO Rawalpindi-City E-Kachery ٹیلیفون نمبر 051-9292675، راولپنڈی کینٹ سرکل کی فیس بک آئی (بقیہ نمبر 20)

سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث 2 رکنی گینگ گرفتار

مسروقہ رقم ایک لاکھ 30 ہزار روپے اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد

راولپنڈی (این این آئی) چکری پولیس نے سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث 2 رکنی گینگ کو گرفتار کر کے مسروقہ رقم ایک لاکھ 30 ہزار روپے اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق چکری پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث 2 رکنی گینگ کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزمان میں (بقیہ نمبر 21)

کار چوری و دیگر وارداتوں میں ملوث 2 رکنی گینگ گرفتار

مسروقہ کار، ایل ای ڈی، مائیکرو ویو اوون، رقم 25 ہزار روپے اور موبائل فون برآمد

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ سٹی پولیس نے کار چوری و دیگر وارداتوں میں ملوث 2 رکنی گینگ کو گرفتار کر کے مسروقہ کار، ایل ای ڈی، مائیکرو ویو اوون، مسروقہ رقم 25 ہزار روپے اور موبائل فون برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ سٹی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے کار چوری و دیگر وارداتوں میں ملوث 2 رکنی گینگ کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزمان میں (بقیہ نمبر 22)

گوجر خان میں تجاوزات مافیا کے خلاف آپریشن جاری

اے سی، سی او بلدیہ کی قیادت میں میونسپل ریگولیشن آفیسرز اور انفورسمنٹ انسپکٹرز اور ٹیم کا تجاوزات کے خلاف کریک ڈاؤن

کھوکھا و مین بازار سبزی منڈی قصائی گلی اور جی ٹی روڈ سروس روڈ سے تجاوز کیا گیا سامان ٹرالیوں کے ذریعے بلدیہ آفس میں منتقل کر دیا

لاہور محنت کش خاتون عینکیں فروخت کرنے کے لئے فٹ پاتھ پر دوکان سجائے بیٹھی ہے

گوجرخان (قمر شہزاد) اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان خضر ظہور گورائیہ اور سی او بلدیہ کی قیادت میں میونسپل ریگولیشن آفیسرز نوشیہ افضل اور ڈاکٹر چاند مبین کے ہمراہ انفورسمنٹ انسپکٹرز ملک فیض اللہ، نعیم قریشی اور انکروچمنٹ ٹیم نے کریک ڈاؤن کرتے ہوئے کھوکھا بازار، مین بازار قصائی گلی سبزی منڈی اور سروس روڈ انڈر پاس والی سائیڈ اور جی ٹی روڈ پر راستوں میں تجاوز کیے گئے ٹھیے ریڑھیوں اور سٹالز کا سامان ضبط کر کے ٹرالیوں کے ذریعے بلدیہ آفس میں منتقل کر دیا اے سی گوجرخان نے دکانداروں کو تنبیہ کرتے ہوئے کہا کہ گورنمنٹ آف (بقیہ نمبر 23)

پنجاب پولیس کا بجلی چوروں کے خلاف کریک ڈاؤن مزید تیز

رواں سال میں صوبہ بھر میں بجلی چوری میں ملوث 54 ہزار 602 افراد گرفتار

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر پنجاب پولیس کا لاہور سمیت صوبے کے تمام اضلاع میں بجلی چوروں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے جس کے تسلسل میں پولیس ٹیموں نے رواں سال میں صوبہ بھر میں بجلی چوری میں (بقیہ نمبر 25)

انسداد پولیو مہم 28 اکتوبر سے پورے ملک میں شروع ہو رہی ہے، عظمیٰ کاردار

اٹک (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب کی معاون خصوصی برائے پولیو مہم عظمیٰ کاردار نے کہا ہے کہ انسداد پولیو مہم 28 اکتوبر سے پورے ملک میں شروع ہو رہی ہے، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف پولیو مہم کی خودنگرانی کریں گی اس سلسلے میں ضروری ہدایات جاری کر دی گئی ہیں۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار آمدہ پولیو مہم کے انتظامات کا جائزہ لینے کے لیے ضلع اٹک کے دورے کے موقع پر کیا۔ اس موقع پران کے ہمراہ ڈپٹی کمشنر اٹک راؤ (بقیہ نمبر 24)

26 آئینی ترمیم نظریہ ضرورت کے تحت لائی گئی

ہدف عدلیہ اور عدالتی نظام کی آزادی ہے' فرید احمد پراچہ

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی کے سیاسی مشیر ڈاکٹر فرید احمد پراچہ نے کہا ہے کہ 26 آئینی ترمیم نظریہ ضرورت کے تحت لائی گئی، اس کا ہدف عدلیہ اور عدالتی نظام کی آزادی ہے جس پر کئی پہرے بٹھائے گئے ہیں اور عدل و انصاف کو حکومتوں کی مرضی اور ضرورتوں کے تابع کیا گیا ہے۔ منصورہ سے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ تاہم اس ترمیم کے ذریعے سودی نظام کو یکم جنوری 2028ء تک ختم کرنے کے لیے آئین کے آرٹیکل 38 (بقیہ نمبر 26)

پنجاب حکومت نے پروموٹ ہونے والے 28 ایس پیز کو کنفرم کر دیا

لاہور (این این آئی) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی زیر قیادت پنجاب پولیس میں محکمانہ پروموشن اور کنفرمیشن کا عمل تیز تر ہوگیا ہے، پنجاب حکومت نے پروموٹ ہونے والے 28 ایس پیز کو کنفرم کر دیا ہے، مذکورہ ایس پیز کو گذشتہ سال مارچ میں محکمانہ ترقی دی گئی تھی، ترقی پانے و کنفرم ہونے والے ایس پیز میں محمد شہباز، افتخار احمد، شعبان محمود بھٹی، منیر احمد، محمد شہزاد، مقصود احمد لون، داؤد خان، غیاث الدین، محمد قیصر مشتاق، محمود (بقیہ نمبر 27)

لاہور موسم سرما کی آمد پر کاریگر گیزر تیار کرنے میں مصروف ہے

آئینی ترمیم کا پورا عمل ہی مشکوک تھا، حافظ نعیم الرحمن

افسوس مفتی محمود کے صاحبزادے اور پوتے اور بھٹو کے نواسے اور داماد نے مل کر اس آئین کی روح کو پامال کیا جو متفقہ طور پر منظور کیا گیا تھا

سوال یہ ہے کہ نمبر پورے ہوتے تو سامنے آجاتے، کوئلے کی کان میں منہ کالا کرانے کی کیا ضرورت تھی؟

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ آئینی ترمیم کے لیے اختیار کیا گیا پورا عمل ہی مشکوک تھا، پی ڈی ایم حکومت نے رات کی تاریکی میں جو کیا وہ ملک و قوم کے لیے المیہ ہے، افسوس مفتی محمود کے صاحبزادے اور پوتے اور بھٹو کے نواسے اور داماد نے مل کر اس آئین کی روح کو پامال کیا جو متفقہ طور پر منظور کیا گیا تھا، سوال یہ ہے کہ کیا فارم 47 کی پیداوار پارلیمنٹ کو حق حاصل ہے کہ وہ آئین کو تبدیل کرے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اسلام آباد میں پریس (بقیہ نمبر 29)

سموگ کے خاتمے کے حوالے سے آگاہی سیشن کا انعقاد

سموگ پر قابو پانا ہوگا، یہ ماحولیات اور صحت دونوں کیلئے بڑا خطرہ ہے' ماہرین

لاہور (این این آئی) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں سموگ کے خاتمے کے حوالے سے ایک آگاہی سیشن کا انعقاد کیا گیا جس میں حکومتی عہدیداروں اور صنعت کے نمائندوں سمیت کلیدی اسٹیک ہولڈرز نے شرکت کی اور اس سنگین مسئلے پر تبادلہ خیال کیا۔ چیف ایگزیکٹو پنجاب انڈسٹریل اسٹیٹ ڈویلپمنٹ اینڈ مینجمنٹ کمپنی علی معظم سید نے بھی اس موقع پر خطاب کیا۔ صدر لاہور چیمبر میاں ابوذر شاد نے کہا کہ سموگ کے خاتمے کے لیے اجتماعی کوششوں کی ضرورت ہے۔ سردیوں کے آغاز کے ساتھ ہی خطے کو نومبر سے فروری تک سموگ کے چیلنجز کا سامنا ہوتا ہے، جو ہوا کے معیار اور عوام کی صحت پر براہ راست اثر انداز ہوتا (بقیہ نمبر 28)